243

آیت نمبر 24

آیات نمبر 24 تا 32 میں قریش مکہ کو تنبیہ کہ وہ قرآن کو محض کہانیاں اور افسانے کہہ کر جن
لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں ان کے گناہوں کا بوجھ بھی انہیں اٹھانا پڑے گا۔ ان سے پہلے
لوگ بھی ایسی ہی باتیں کرتے رہے لیکن وہ دنیا میں بھی عذاب سے ہلاک ہوئے اور آخرت
میں بھی رسوا ہوں گے۔ پرہیزگار لوگ قرآن کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ان کے لئے
اس دنیا میں بھی بھلائی ہے اور آخرت میں بھی بہت اچھا اجر ہو گا۔

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٤﴾ اور
جب ان کافروں سے قرآن کے حوالے سے پوچھا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے یہ کیا
چیز نازل کی ہے تو کہتے ہیں کہ یہ تو محض پچھلے زمانے کے لوگوں کی کہانیاں ہیں قرآن
میں پچھلی نافرمان قوموں کے جو بھی قصے بیان کئے گئے ہیں ان کا مقصد عبرت حاصل کرنا ہے
لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَ مِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ
بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ ان کے اس طرح کہنے کا انجام یہ ہو گا کہ قیامت کے دن یہ لوگ نہ
صرف اپنے گناہوں کا پورا بوجھ اٹھائیں گے بلکہ کچھ ان لوگوں کے گناہوں کا بوجھ بھی
اٹھائیں گے جنہیں وہ اپنی جہالت کی وجہ سے گمراہ کرتے رہے تھے اَلَا سَآءَ مَا
يَزِرُوْنَ ﴿٢٥﴾ۧ یاد رکھو! کیا ہی برا بوجھ ہے جو یہ اپنے اوپر لادے چلے جا رہے ہیں
رکوع [٣] قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ
فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَ اَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا
يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٦﴾ ان سے پہلے جو لوگ ہو گزرے ہیں انہوں نے بھی دعوت حق کے



خلاف بڑی بڑی تدبیریں کیں لیکن اللہ نے ان کی مکر و فریب کی عمارت کو بنیاد سے
اکھاڑ کر پھینک دیا پھر اوپر سے چھت ان پر آگری اور ان پر ایسی جگہ سے عذاب آیا
جہاں سے انہیں وہم و گمان بھی نہ تھا ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ
شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ ؕ پھر قیامت کے دن اللہ ان
لوگوں کو رسوا کرے گا اور کہے گا کہ آج وہ ہستیاں کہاں ہیں جنہیں تم میرا شریک
ٹھہراتے تھے اور جن کی حمایت میں تم جھگڑا کیا کرتے تھے؟ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا
الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿۲۷﴾ الَّذِيْنَ
تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۠ اس وقت وہ لوگ جنہیں حق بات کا
علم دیا گیا تھا کہیں گے کہ آج کے دن ہر قسم کی ذلت اور عذاب ان کافروں کے لئے
ہے جن کی جان فرشتوں نے اس حال میں قبض کی کہ وہ اپنی جانوں پر ظلم کر رہے
تھے کہ موت کے وقت وہ حالت کفر میں تھے فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ
سُوْٓءٍ ؕ اس وقت یہ کافر بھی سر تسلیم خم کرتے ہوئے کہیں گے کہ ہم تو اپنی دانست
میں دنیا میں کوئی برا کام نہیں کرتے تھے بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ انہیں جواب دیا جائے گا کہ ہاں کیوں نہیں! یقیناً اللہ کو وہ سب کچھ
معلوم ہے جو تم کرتے رہے ہو فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ سو
اب تم جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ جہاں تمہیں ہمیشہ رہنا ہے فَلَبِئْسَ
مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۲۹﴾ غرض یہ جہنم تکبر کرنے والوں کے لئے بہت ہی برا ٹھکانہ

ہے وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوْا خَيْرًا ؕ اور دوسری
طرف ان لوگوں سے جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا جب قرآن کے حوالے سے پوچھا
جاتا ہے کہ تمہارے رب نے یہ کیا چیز نازل کی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ بہت اچھی چیز اور
بڑی خیر نازل فرمائی ہے لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ
الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ جن لوگوں نے نیک اعمال کئے ان کے لئے اس دنیا میں بھی بھلائی
ہے اور بلاشبہ آخرت کا گھر تو بہت ہی بہتر ہے وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۰﴾ اور
پرہیزگاروں کے لئے واقعی وہ بہت اچھا گھر ہے جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ وہ آخرت کا گھر دائمی باغات ہیں
جن میں پرہیزگار لوگ داخل ہوں گے، ان باغات کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، وہ
جس چیز کی خواہش کریں گے وہ ان کو وہاں میسر ہو گی كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ
الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۱﴾ اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کو ایسا ہی صلہ عطا کرتا ہے الَّذِيْنَ
تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا
كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۲﴾ فرشتے جب ان کفر و شرک سے پاک متقی لوگوں کی روح قبض
کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ تم پر سلامتی ہو، جو اعمال تم کیا کرتے تھے ان کے بدلے میں
جنت کے باغوں میں داخل ہو جاؤ

[# 243]

In verses 24 to 32, the Quraysh of Makkah are warned that they should not misguide people by considering the Qur'an mere stories and legends. They will have to bear the burden of their sins. Before them, people also indulged in such behavior, but they were destroyed by worldly punishment and shall be disgraced in the Hereafter. The righteous, who regard the Qur'an with reverence, will find goodness in this world and will receive a great reward in the Hereafter.

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّا ذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ
الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾

And when it said to them: what has been revealed by your Lord [in the Qur'an,]. They say: [it is merely the] tales of the ancients.

The real purpose of narrating the stories of past disobedient nations in the Qur'an, is to learn lessons from them.

لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَ مِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ
يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ

[On the Day of Judgment], these people will not only bear the full burden of their own sins, but also [a portion] of the burden [of sins] of those whom they led astray due to their ignorance [and lack of Knowledge].

اَلَا سَآءَ مَا یَزِرُوْنَ۠ ﴿۲۵﴾ رکوع [۳]

Indeed, evil is [the load of sins] which they shall bear!

قَدْ مَكَرَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْیَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ
فَخَرَّ عَلَیْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَ اَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ
حَیْثُ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾

Indeed, those [who disbelieved] before them, also plotted schemes [against their messengers]. But Allah demolished their building from the foundations. So, from above, the roof fell down upon them, and the punishment came to them from where they did not perceive.

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَ يَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ ؕ

Then on the Day of Judgment, Allah will disgrace them and say, 'Where are My associate-gods for whose sake you used to argue [with believers]?'

قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَ السُّوْٓءَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۷﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۠

[At that time], those who were given [revealed] knowledge will say, 'Indeed, today every kind of humiliation and punishment is for the disbelievers—those whose souls the angels take while they are wronging themselves [with unbelief].'

فَأَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ

[At that time], even the disbelievers will submit humbly, saying, 'We did not do any evil in the world [as we know]'.

بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٨﴾

[The angels will say to them], 'Yes indeed! Surely, Allah knows all [the evils] that you were doing.'

فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ

So now enter the gates of Hell, where you will abide forever.

فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿٢٩﴾

Indeed, [Hell is] a very evil abode for the arrogants.

وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوْا خَيْرًا ؕ

And [on the other hand], when it is said to those, who are God-fearing: what has your Lord sent down [in Quran]. They say: all that is good.

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ

So, for those, who do good in this world, there shall be goodness [in life] and surely the home of the Hereafter is even better.

وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ۝۳۰

Indeed, excellent is the abode of those who are God-fearing.

جَنّٰتُ عَدۡنٍ یَّدۡخُلُوۡنَهَا تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ لَهُمۡ فِیۡهَا
مَا یَشَآءُوۡنَ ؕ

[The home of the Hereafter is] Everlasting gardens [of paradise] into which they will enter, beneath which rivers flow. Whatever they desire will be available to them therein.

كَذٰلِكَ یَجۡزِی اللّٰهُ الۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۳۱﴾ۙ

This is how Allah rewards the God-fearing people.

الَّذِیۡنَ تَتَوَفّٰهُمُ الۡمَلٰٓئِكَةُ طَیِّبِیۡنَ ۙ یَقُوۡلُوۡنَ سَلٰمٌ عَلَیۡكُمُ ۙ
ادۡخُلُوا الۡجَنَّةَ بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۳۲﴾

When the angels take the souls of those who are good and virtuous, they say [to them], 'Peace be upon you. Enter the gardens [of Paradise] for all [the good] you have been doing [in your life].'